USAID
امریکی عوام کی طرف سے

University of
veterinary & Animal
Sciences Lahore

Dairy and Rural
Development
Foundation

غیر متعدی بیماریاں

ڈیری پراجیکٹ
DAIRY PROJECT

غیر متعدی بیماریاں

Disclaimer

This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). The views expressed in this publication are the authors' views and they do not necessarily reflect the opinion of USAID or the United States Government.

ISBN : 978-969-9170-01-0
نظر ثانی شدہ طباعت
اشاعت زیر اہتمام

ڈیری پراجیکٹ

غیر متعدی بیماریاں

مصنفہ: ڈاکٹر ثوبیہ ناہید
مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال

بشکریہ : یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز
معاشرتی و دیہی ترقی بذریعہ لائیوسٹاک ڈویلپمنٹ و قرضہ جات (پراجیکٹ)
ایڈیٹر : شاذیہ اسلام

اس کتابچے کی کسی بھی قسم کی خرید و فروخت اور ترسیل
ادارے کی پیشگی اطلاع اور مرضی سے کی جا سکتی ہے۔

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

فہرست

نمبرشمار	عنوانات	صفحہ نمبر
-1	غیرمتعدی بیماریاں	05
-2	اِسہال (دست)/مُوک	05
-3	کھانسی	07
-4	اپھارہ (گائے/بھینس/بھیڑ/بکری)	10
-5	سوتک کا بخار (گائے/بھینس)	13
-6	قبض	14
-7	بدہضمی (گائے/بھینس/بھیڑ/بکری)	16
-8	فرجِ رحم (پیچھا مارنا)	19

کتابچے کے مقاصد

اس کتابچے کو آسان اور عام فہم انداز میں مرتّب کیا گیا ہے تا کہ میٹرک یا اس کے مساوی تعلیم یافتہ خواتین اس قابل ہو جائیں کہ وہ،

1- غیر متعدی بیماریاں پہچان سکیں اور ان کا علاج کر سکیں۔

2- غیر متعدی بیماریوں کے اسباب اور وجوہات کے متعلق گاؤں کی دوسری خواتین میں بھی شعور پیدا کر سکیں۔

غیر متعدی بیماریاں

ایسی بیماریاں جو ایک جانور سے دوسرے جانور میں منتقل نہیں ہوتیں، غیرمتعدی بیماریاں کہلاتی ہیں۔ یہ بیماریاں اکثر خوراک کی کمی بیشی کے باعث لاحق ہوتی ہیں۔

اِسہال (دست) / مُوک

یہ گائے، بھینسوں، بھیڑوں، بکریوں، بچھڑوں، کُتوں، بلیوں، گھوڑوں، گدھوں اور مرغیوں میں پائی جانے والی عام بیماری ہے۔

وجوہات

1- غذا کی کمی یا زیادتی کی صورت میں

2- اندرونی کرموں کی وجہ سے

3- گندی، گلی سڑی آلودہ خوراک کھانے کے باعث جو انتڑیوں کی اندرونی جھلّی میں خراش پیدا کرتی ہے اور جس کے باعث نظامِ ہضم میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کے نتیجے میں گوبر پتلا اور بعض اوقات خون آلودہ ہو جاتا ہے۔

علامات

1- پانی کی کمی کے باعث جانور کی جِلد کا بے رونق ہو جانا

-2 آنکھیں اندر کو دھنس جاتی ہیں۔

-3 گردن اکڑ جاتی ہے۔

-4 پیٹ درد اور بعض اوقات بخار اور غشی کی وجہ سے مویشی نڈھال ہو جاتا ہے۔

نوٹ : غذا میں بے احتیاطی کے باعث دست اکثر لیس دار ہوتے ہیں۔

علاج

-1 متاثرہ جانور کو علیحدہ رکھیں۔

-2 ڈائیروبان پاؤڈر پیکٹ پر دی گئی ہدایات کے مطابق دیں۔

-3 نمکول (ORS) کا استعمال کریں یا نارمل سیلائن ورید میں لگائیں۔

-4 کرموں کی صورت میں کرم کُش ادویات لیبل پر درج ہدایات کے مطابق دے سکتے ہیں۔

-5 اگر افاقہ نہ ہو تو براڈسپیکٹرم اینٹی بائیوٹک کا ٹیکہ 5 سے 6 دن تک پٹھوں میں لگایا جا سکتا ہے۔

مُوک کے تدارک کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ بھی آزمایا جا سکتا ہے :-

-1 جانوروں کو چاولوں کی پیچھ پلائیں۔

-2 کیلشیم کاربونیٹ 15 گرام

میگنشیم کاربونیٹ 15 گرام

بسمتھ کاربونیٹ 10 گرام

تینوں دوائیاں چاولوں کی ½ پاؤ پیچھ میں ملا کر 4-5 دن کے لیے دیں۔

کھانسی

سانس کی نالی اور اس سے جُڑی ہوئی چھوٹی نالیوں میں سوزش کے باعث یہ علامت ظاہر ہوتی ہے۔

وجوہات

-1 موسم سرما میں اکثر بارش یا برف باری ہونے سے مویشیوں کے بھیگ جانے کے باعث یہ بیماری ظاہر ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر بھیڑ، بکریوں کو یہ مسئلہ لاحق ہوسکتا ہے۔

2- سردیوں میں اکثر مویشی تنگ اور بند کمروں میں رکھے جاتے ہیں، جہاں ہوا کی نکاسی کا انتظام نہیں ہوتا۔ اس وجہ سے مویشیوں کے جسم سے پیدا ہونے والی گیسوں کے اخراج کے باعث سانس کی نالیوں میں سوزش ہو جاتی ہے۔

3- مویشی کو دوا پلاتے وقت بے احتیاطی برتنے سے دوا اگر سانس کی نالی میں چلی جائے تو بھی کھانسی شروع ہو جاتی ہے۔

4- جراثیم اور ایسے طفیلی کرم جو سانس کی نالیوں پر اثرانداز ہوتے ہیں، اس علامت کا سبب بنتے ہیں۔

علامات

1- شدید کھانسی کی صورت میں جانور کا درجۂ حرارت بڑھ جاتا ہے۔

2- نبض کی رفتار تیز ہو جاتی ہے۔

3- سانس کی رفتار بڑھ جاتی ہے۔

4- ابتداء میں مویشی کو خشک کھانسی ہوتی ہے لیکن بعض اوقات تیز ہوکر کم ہو جاتی ہے۔

5- نتھنوں سے پتلا مواد بہتا ہے، جو بعد میں گاڑھا ہو جاتا ہے۔

6- اگر بَروقت علاج نہ کیا جائے تو جانور کمزور ہو جاتا ہے اور اُس کی پیداواری صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔

7- جانور کی سانس پُھول جاتی ہے اور اُسے کھانسی کے دورے پڑتے ہیں۔

علاج

1- مویشی کا درجۂ حرارت نوٹ کریں۔

2- مویشی کے مالک سے بیماری کے بارے میں پوچھ گچھ کریں۔ ایسا تو نہیں کہ اس کی زبان پکڑ کر دوا پلائی گئی ہو۔

3- جانور کا اچھی طرح طبّی معائنہ کریں۔

4- ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں ہوا کی آمدورفت تو ہو، مگر وہ ہوا مویشی کے جسم سے براہِ راست نہ ٹکرائے۔

5- اینٹی بائیوٹک کا ٹیکہ اوکسی ٹیٹراسائیکلن یا ٹائیلو مائیسین کم از کم 5 دن لگاتار پٹھوں میں لگائیں۔



6- سیلائن الیکچری کا استعمال کروائیں۔

کھانسی کے لیے دیسی نسخہ

نوشادر	1 گرام
امونیم کاربونیٹ	16 گرام
کافور	4 گرام
عرقِ ڈونا	30 ملی لٹر

ان اشیاء میں مناسب مقدار میں گُڑ ملائیں اور لڈو بنا کر جانور کو کھلائیں۔

اَپھارہ (گائے/بھینس/بھیڑ/بکری)

اپھارہ سے مُراد جانور کے معدے میں گیسوں کا جمع ہو جانا ہے۔

وجوہات

1- سبز چارہ بغیر کاٹے دینا

-2 جانور کو سبز چارے کی کھڑی فصل میں چرنے دینا

-3 گلے سڑے چارے یا پھپھوندی لگی خوراک کا کھا لینا

-4 زہریلے پودے کھا لینا

-5 خوراک میں گندم اور مکئی کے دانوں کا ضرورت سے زیادہ استعمال

علامات

-1 بائیں کوکھ ایک دَم پُھول جاتی ہے۔

-2 بائیں کوکھ کی جِلد سخت ہو جاتی ہے اور اُنگلیوں کے دبانے سے کھڑی نہیں ہوتی۔

-3 جانور کو سانس لینے میں دُشواری ہوتی ہے۔

-4 جانور کا ہونکنا یعنی سانس کے ساتھ آواز نکلنا۔

-5 منہ کھول کر سانس لینا، زبان کا باہر نکل آنا

اور گردن لمبی کر کے کھڑے ہونا۔

اگر اپھارہ جاری رہے تو 3 سے 4 گھنٹوں میں سانس رُکنے کی وجہ سے جانور کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

علاج

اپھارے کے خلاف ادویات مثلاً میڈی اورل کا استعمال کروائیں۔ 10 ملی لٹر کا ٹیکہ $\frac{1}{2}$ لٹر نیم گرم پانی میں ڈال کر پلائیں۔

دیسی نسخہ جات

-1	کلورل ہائیڈریٹ	30 گرام
	ٹرپن ٹائین کا تیل	60 ملی لٹر
	کاربالک ایسڈ	1 ملی لٹر
	السی کا تیل	0.5 لٹر

تمام اشیاء ملا کر جانور کو پلا دیں۔

-2	نکسوامیکا پاؤڈر	8 گرام
	امونیم کارب	30 گرام
	ادرک کا پاؤڈر	30 گرام
	گُڑ	مناسب مقدار

یہ اشیاء ملا لیں اور لڈو بنا کر کھلائیں۔

3- افاقے کی صورت میں کچھ دن تک ٹانک پاؤڈر دیں۔

نکس وامیکا	650 گرام
جنشن پاؤڈر	16 گرام
چرائتہ	16 گرام
کھانے کا سوڈا	16 گرام

(دن میں دو بار خوراک کے ساتھ)

جانور کی زندگی کو خطرے کی صورت میں کوکھ میں چُھری (ٹروکار کینولا) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ٹروکار کینولا سے ایک انچ گولائی کا سوراخ کیا جاتا ہے۔ ٹروکار کے استعمال سے پہلے جِلد پر کٹ لگا لیا جاتا ہے۔ ٹروکار نہ ہو تو 18 نمبر سوئی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

سوتک کا بخار (گائے/بھینس)

کیلشیم کی کمی کے باعث جانور اس بخار کا شکار ہو جاتا ہے۔ یہ بخار بچہ جننے کے بعد یا اُس سے 3-2 دن پہلے ہوسکتا ہے۔

وجوہات

1- زیادہ دُودھ دینے والی گائے / بھینسوں میں بھی اس بیماری کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔

2- حاملہ بھینسیں جنہیں وضع حمل کے فوراً بعد نہلا دیا جائے۔

علامات

1- بچہ جننے کے بعد یا 3-2 دن پہلے بھینس کھڑی نہیں ہوسکتی۔

2- بیٹھتے ہوئے گردن موڑ کر بیٹھتی ہے۔

-3 جگالی بند کر دیتی ہے۔
-4 منہ سے پانی بہتا نظر آتا ہے۔
-5 آنکھیں آدھی بند ہوجاتی ہیں۔
-6 گوبر بند ہو جاتا ہے۔
-7 درجۂ حرارت نارمل سے کم ہوتا ہے۔
-8 حوانے میں دُودھ بھی نہیں اُترتا۔

علاج

قریبی ویٹرنری ڈاکٹر سے کیلشیم کا ٹیکہ اندرونِ ورید لگوائیں۔

قبض

شدید قبض اگر کئی دن تک جاری رہے تو جانور کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

وجوہات

-1 نامناسب خوراک کھانے کی وجہ سے
-2 بعض اندرونی کرموں کی وجہ سے
-3 مٹی کھانے کی وجہ سے

علامات

-1 فضلے کا اخراج بند ہو جاتا ہے۔
-2 جانور کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے۔
-3 بار بار گوبر یا مینگنیاں کرنے کے لیے زور لگاتا ہے۔
-4 پیٹ کا درد

علاج

1- لیکوڈ پیرافین بھینس کو 3-4 لٹر اور بکری کو 1 پاؤ پلائی جاتی ہے۔

2- لیبل پر درج ہدایات کے مطابق میگ سلفیٹ پلائیں۔

دیسی نسخہ

میگ سلفیٹ = 300 گرام

عرقِ سونف = 500 ملی لٹر

کوارگندل = 500 گرام

کوارگندل کا گودا لیں اور باقی چیزیں ملا کر پیس لیں، یہ ایک خوراک ہے۔

صابن کا انیما

نیم گرم پانی میں صابن حل کرلیں ۔ ایریگیٹر کے ساتھ صابن والا پانی جانور کے مقعد کے اندر ڈالیں جس کے تھوڑی دیر بعد مویشی گوبر کر دے گا اور قبض دُور ہو جائے گی۔



بدہضمی (گائے/بھینس/بھیڑ/بکری)

بدہضمی کے باعث مندرجہ ذیل بیماریاں پیدا ہوتی ہیں :-

1- قبض
2- مُوک

وجوہات

1- غلط، ناکافی یا غیرمتوازن خوراک استعمال کروانا
2- چارے میں اچانک تبدیلی کر دینا
3- تیز اثر کیمیائی ادویات کا چارے میں استعمال کرنا
4- جانور کو ایک وقت میں زیادہ مقدار میں ٹھنڈا پانی پلانا

علامات

1- کھانے کی طرف مائل نہ ہونا
2- سُستی
3- پیٹ درد، پیٹ کا سخت ہونا اور اپھارہ
4- پہلے قبض اور بعد میں دست آنا
5- فضلے میں غیر ہضم شدہ چارے کا آنا

علاج

1- جانور کو تازہ اور کافی مقدار میں پانی اور خوراک دن میں تین بار دیں۔
2- سبز اور خشک چارے کا متوازن آمیزہ دیں۔
3- جانور کو معمول کی خوراک دینا بند کر دیں۔
4- کم مقدار میں زیادہ آسانی سے ہضم ہونے والی خوراک، گندم کا چوکر اور پانی یا سبز چارے میں تُوڑی ملا کر دیں۔
5- اگر قبض کے ساتھ پیٹ درد کی علامت ہو تو جب تک درد کی علامت ختم نہ ہو، خوراک نہ دیں۔ اس کے بعد تھوڑی مقدار میں سبز چارہ دیں لیکن اناج نہ دیں۔
6- چھوٹے بچوں کو ہاضمے والا مکسچر دن میں تین بار، تین سے چار بڑے چمچ دیں۔

-7 بڑے جانوروں میں سٹامک پاؤڈر 300 ملی گرام گُڑ میں ملا کر دیں۔



-8 آلوی جیسٹ پاؤڈر بھی دیا جا سکتا ہے۔

بدہضمی کے باعث جانور میں پیٹ درد

بچھڑے میں قبض

سٹامک پاؤڈر

1-	اجوائن	دو حصّے	کالی مرچ	ایک حصّہ
	سونف	دو حصّے	کالا نمک	دو حصّے
	نوشادر	دو حصّے	عام نمک	چار حصّے

یا

2-	سونف	250 گرام	نمک سیاہ	150 گرام
	رائی	200 گرام	میٹھا سوڈا	150 گرام
	کوار گندل کا جوہر	250 گرام	نمک سفید	200 گرام
	ٹھیکری نوشادر	100 گرام	پرانا گُڑ	500 گرام

تمام اجزاء ملا کر 2 لڈو بنا لیں۔ جانور کو ½ گھنٹے کے وقفے سے کھلائیں۔ کھلانے کے بعد نیم گرم پانی کی تھوڑی مقدار پلا دیں۔ یہ نسخہ دوبارہ بھی دے سکتے ہیں۔

فرجِ رحم (پیچھا مارنا)

یہ بیماری عام طور پر حمل کے آخری دنوں میں یا بچہ پیدا کرنے کے بعد دیکھی جاتی ہے۔ فرجِ رحم مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر ہوسکتا ہے :



1- فاسفورس کی کمی

2- وراثتی منتقلی

یہ بیماری زیادہ تر بھینسوں میں پائی جاتی ہے۔

علاج

1- باہر نکلے ہوئے فرج کو اچھی طرح جراثیم کُش دوا مثلاً لال دوائی سے صاف کرکے برنال لگائیں اور ہاتھوں کی مدد سے اندر کرکے اُوپر سے چھکی چڑھا دیں۔



2- جانوروں میں فرجِ رحم کی ایک بڑی وجہ فاسفورس کی کمی بھی ہوسکتی ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے نمکیاتی ونڈے کا استعمال کروائیں۔

دیسی نسخہ

½ لٹر نیم گرم پانی میں ایک پاؤ ہلدی گھول کر چار سے پانچ دن تک پلائیں۔

اگر بچہ پیدا کرنے کے بعد یہ مسئلہ ہو تو جانور کو 2 دن تک ایک لٹر چار عرقہ پلانا بھی فائدہ مند ہوتا ہے۔

نوٹ : جنسی اعضاء جراثیم سے آلودہ ہونے سے بچائیں، بصورتِ دیگر جراثیم رحم تک پہنچ کر اسقاطِ حمل کا باعث بن سکتے ہیں۔

اہم نکات

بہتر تربیت، اعلیٰ ہنر اور آپ کی محنت
دے بہترین سہولیات اور خوشحالی کی ضمانت

تربیت کے فوائد اور مقاصد

- منتخب پراجیکٹ ایریا میں تربیت یافتہ دیہی خواتین کی بروقت اور بہتر بنیادی ایکسٹینشن خدمات جیسے دواؤں کی فروخت ویکسینیشن، بنیادی علاج معالجہ کے ذریعے مویشیوں کی صحت، پیداوار اور افزائش کو بہتر بنانا۔
- پراجیکٹ ایریا میں اچھے دودھ کی پیداوار میں مناسب حد تک اضافہ
- دیہی خواتین کو تکنیکی تربیت کے ذریعے مویشی بانی، ونڈا فروخت کرنا، دودھ اکٹھا کرنا، مرغبانی اور ڈیری سے متعلق دیگر چھوٹے کاروبار کرنے کے طریقے سکھانا تاکہ انہیں معاشی اعتبار سے خودمختار بنایا جاسکے۔
- لائیوسٹاک و ڈیری سیکٹر کی ترقی کے ذریعے گھرانوں کو معیاری خوراک کی فراہمی اور دیہی سطح پر مجموعی ترقی و خوشحالی میں اضافہ

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

Designed & Printed by GENERA 042 37586064